**24.03.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا میں امن بحالی کی خاطر بات چیت اور سفارتکاری پر زور دیا ہے۔ انھوں نے تیل، گیس اور کھاد کی بلارکاوٹ سپلائی کی یقین دہانی کرائی ہے۔

☆ امریکی صدرڈونلڈ ٹرمپ نے مغربی ایشیا صورتحال پرتبادلہ خیال کیلئے وزیراعظم مودی سے بات چیت کی ہے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے عالمی اور علاقائی معاملات کے درمیان تیاریوں کا جائزہ لیا ہے۔

☆ لوک سبھا نے عزت اور وقار کو یقینی بنانے کیلئے تیسری صنف کے افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق ترمیمی بل کو منظوری دے دی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ مستقل کمیشن سے محروم شارٹ سروس کمیشن کی خاتون افسران کو پنشن کے فوائد حاصل ہوں گے۔

☆ اور مغربی ایشیا جنگ کو25دن ہوگئے ہیں اوراسرائیل اور ایران نے ایک دوسرے پر میزائل حملے کئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**RS PM West Asia**

وزیر اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کے سلسلے میں آج راجیہ سبھا سے خطاب کیا اور امریکہ اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ جاری جنگ کے اہم پہلوؤں اور اِس معاملے پر بھارت کے موقف کو اجاگر کیا۔ ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے مغربی ایشیا کے خطے میں امن بحال کرنے کیلئے بات چیت اور سفارتکاری پر زور دیا۔

**S/B 1605 PM Dialogue WA**

جناب مودی نے کہا کہ اِس جنگ کی صورتحال کے باوجود بھارت، بھارتی جہازوں کی محفوظ نقل وحمل کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ کچھ روز میں دنیا کے کئی ممالک سے خام تیل اور LPG لے کر جہاز بھارت آئے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ جنگ کی شروعات کے بعد سے، تین لاکھ 75ہزار سے زیادہ بھارتی شہری، بحفاظت

بھارت واپس آئے ہیں اور اب تک تقریباً ایک ہزار بھارتی ایران سے آئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت ہر شعبے میں دیگر ممالک پر ملک کے انحصار کو کم کرنے کیلئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔

**S/B 2100 PM LPG**

## Rev West Asia Daily Brief

حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کا معقول اسٹاک موجود ہے اور LPG کی گھریلو پیداوار بڑھا دی گئی ہے اور سبھی ریفائنریاں زیادہ سے زیادہ صلاحیت پر کام کر رہی ہیں۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری Sujata شرما نے مغربی ایشیا میں حالیہ واقعات پر آج نئی دلّی میں وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

**S/B 2100 Sujata Sharma WA Briefing**

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گذرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے مطلع کیا ہے کہ دو بھارتی پرچم بردار LPG جہاز – Pine Gas اور Jag Vasant نے بحفاظت آبنائے ہرمز کو پار کرلیا ہے اور وہ ملک کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

**S/B 2100 Rajesh Sinha WA Briefing**

وزارت خارجہ میں خلیج سے متعلق ایڈیشنل سکریٹری اسیم آر مہاجن نے کہا کہ حکومت مغربی ایشیا خطے میں بدلتی ہوئی صورتحال پر مسلسل قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

**S/B 2100 Aseem Mahajan Wa Briefing**

## PM Trump

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر نظریات کا تبادلہ کیا۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت، جلد سے جلد کشیدگی کو کم کرنے اور امن بحالی، نیز آبنائے ہرمز کو کھولے جانے، دنیا بھر کیلئے جو لازمی ہے اُس کی محفوظ طریقے سے نقل وحمل کو یقینی بنانے کی حمایت کرتا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے امن و استحکام کے سلسلے میں کوششوں کی خاطر رابطے میں رہنے سے اتفاق کیا۔x

## Rajnath

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مغربی ایشیا میں جاری جنگ کے تناظر میں آج ایک اعلیٰ سطحی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان، ایئر چیف مارشل امر پریت سنگھ، بری فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دوئیویدی اور بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش K ترپاٹھی نے شرکت کی۔x

## RS Appropriation Bill

راجیہ سبھا میں آج تخصیص (نمبر2) بل 2026پر بحث دوبارہ شروع ہوئی۔ اِس بل کے تحت مالی سال 2026-27 کیلئے بھارت کے قومی خزانے سے اور باہر سے کچھ رقوم کی ادائیگی اور تخصیص کی اجازت دیتی ہے۔ بحث کے بعد اس بل کو لوک سبھا میں واپس بھیجا جائے گا۔ ایوانِ زیریں نے اس بل کو پچھلے ہفتے ہی منظور کرلیا تھا۔x

## LS Transgender Bill

لوک سبھا نے تیسری جنس کے افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق ترمیمی بِل 2026 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بِل کا مقصد، تیسری جنس کے افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق قانون 2019میں ترمیم کرنا ہے۔ اِس قانون کے تحت، تیسری جنس کا شخص، اپنی شناخت سے متعلق سرٹیفیکٹ جاری کروانے کیلئے ضلع مجسٹریٹ کو درخواست پیش کرسکتا ہے۔ بِل میں یہ التزام شامل کیا گیا ہے کہ ضلع مجسٹریٹ، نامزد کردہ میڈیکل بورڈ کی سفارش کا جائزہ لینے کے بعد، سرٹیفیکٹ جاری کرے گا۔ بعد میں، لوک سبھا کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔x

## LS Cybercrime

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق قانون کے ضابطوں کے تحت اب تک تحقیقات کیلئے سائبر جرائم سے وابستہ تقریباً 257معاملات کا احاطہ کیا ہے۔ ان تحقیقات سے تقریباً 36 ہزار کروڑ روپئے کے جرائم کی نشاندہی ہوئی ہے۔ داخلی امور کے وزیر مملکت Bandi سنجے کمار نے آج لوک سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں یہ معلومات فراہم کی۔x

## SC Women Officers

سپریم کورٹ نے آج ہدایت جاری کی ہے کہ فوج، بحریہ اور فضائیہ کی وہ شارٹ سروس کمیشن کی خاتون افسران پنشن کے مکمل فوائد کی حقدار ہوں گی جنھیں غیر اصولی جانچ کے طریقے کی وجہ سے مستقل کمیشن سے محروم رکھا گیا تھا۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی، جسٹس Ujjal Bhuyan اور جسٹس این کوٹیشور سنگھ کی بنچ نے کہا کہ ان افسران کو پنشن کی اہلیت کیلئے ضروری 20سالہ سروس مکمل کرنے والا افسران مانا جائے گا، چاہے انھیں اس سے کم مدت میں ہی سروس سے فارغ کردیا گیا ہو۔x

## SC Rulings

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ صرف ہندو، سکھ یا بودھ مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد ہی درجہ فہرست ذات کا درجہ حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ عدالت عالیہ نے وضاحت کی ہے کہ عیسائی جیسے کسی دیگر مذہب میں تبدیلی درجِ فہرست ذات کے درجے سے فوری اور مکمل طور پر محرومی کا باعث ہوگی۔x

## SC WB SIR

آج سپریم کورٹ نے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی سمیت عرضی گزاروں سے کہا ہے کہ وہ مغربی بنگال میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی کے سلسلے میں اپنی متعلقہ شکایات کے معاملے میں کلکتہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سے رجوع کریں۔ چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس جوئے مالا باگچی پر مشتمل ایک بینچ نے کہا ہے کہ اٹھائے گئے مختلف معاملات انتظامی نوعیت کے ہیں اور اِن کا ازالہ کلکتہ ہائیکورٹ میں کیا جانا چاہیئے۔x

## Scrutiny Assembly Eve Keralam Nomination

آسام، کیرالم اور پڈوچیری اسمبلی انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج منعقد کی گئی۔ اِس سے قبل، کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل گزشتہ روز ختم ہوا۔ اپنی امیدواری واپس لینے کا آخری دن جمعرات ہے۔

ابتدائی رپورٹس کے مطابق، کیرالم کے مختلف ضلعوں میں دو ہزار 125 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے گئے، جن میں سے ایک ہزار 603 درخواستوں کو درست پایا گیا، جبکہ 330 درخواستوں کو مسترد کردیا گیا۔ کیرالم میں اب تک دو امیدواروں نے اپنی امیدواری واپس لی ہے۔دو ریاستوں، آسام اور کیرالم اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پڈوچیری میں 9 اپریل کو واحد مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## NHRC Delhi Incident

انسانی حقوق کے قومی کمیشن NHRC نے دہلی کے چیف سکریٹری اور پولیس کمشنر کو جنوب مغربی دہلی کے پالم علاقے آگ لگنے کے واقعے کے سلسلے میں نوٹس جاری کئے ہیں۔ اِس واقعے میں 9 افراد کی موت ہوگئی تھی۔ NHRC نے از خود نوٹس لیتے ہوئے متاثرین اور زخمیوں کیلئے معاوضے سے متعلق تازہ ترین معلومات کے ساتھ ساتھ دو ہفتے کے اندر معاملے کی تفصیلی رپورٹ طلب کی ہے۔x

## West Asia Conflict

مغربی ایشیا میں جاری جنگ 25 ویں دن میں داخل ہوگئی ہے۔ گزشتہ چند گھنٹوں میں رپورٹ کی گئی پیشرفت، مزید فوجی کشیدگی اور ممکنہ سفارتی اشاروں کے درمیان، نازک توازن کی نشاندہی کرتی ہے۔ اِس سے پہلے، آج دن میں ایران کی جانب سے میزائلوں کی تازہ بوچھار کے بعد سے اسرائیل ہائی الرٹ پر ہے۔ وسطی تل ابیب کے رہائشی علاقے سے کم از کم ایک میزائل حملے کی خبر ہے، جس میں ہلاکتیں ہوئی ہیں اور عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ اِس کے جواب میں اسرائیلی فوجوں نے پورے ایران میں مختلف مقامات اور تہران میں تقریباً 50 مقامات کو نشانہ بنات ہوئے فضائی حملے کیے۔ اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل Katz نے جنوبی لبنان میں Litani ندی تک فوجی کنٹرول کو توسیع دینے کے منصوبوں کا اعلان کیا۔انہوں نے کہا کہ شمالی اسرائیل کے محفوظ ہونے تک نقلِ مکانی کرنے والے رہائشیوں کو واپس آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

اِدھر تہران میں ایرانی حکام سخت تیور اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ایرانی حکومت نے حالیہ فضائی حملے میں قومی

سلامتی کی سپریم کونسل کے سربراہ علی لاریجانی کی موت کے بعد پاسدارانِ انقلاب کے سابق کمانڈر محمد باقر زوالقدر کا اِس عہدے پر تقرر کیا ہے۔ ایرانی حکام نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مذاکرات سے متعلق دعووں کو مسترد کرتے ہوئے انہیں فرضی خبریں قرار دیا اور الزام لگایا کہ یہ عالمی تیل بازاروں پر اثر انداز ہونے کی کوشش ہے۔ اسلامی پاسدارانِ انقلاب نے انتباہ دیا ہے کہ امریکہ اور اسرائیل کی کارروائیوں میں مدد کرنے والے کسی بھی علاقائی عناصر پر جوابی حملے جاری رہیں گے۔اسلامی پاسدارانِ انقلاب نے زور دے کر کہا کہ لگاتار بمباری کے باوجود اُس کی میزائل حملوں کی صلاحیتیں برقرار ہیں۔

**VC - Vinod Kumar**

مغربی ایشیا خطے میں تنازعہ، فوجی اور سفارتی دونوں محاذ پر وسعت اختیار کرتا جارہا ہے۔ لبنان کے بیروت میں اُس وقت کشیدگی بڑھ گئی، جب بیروت نے تہران پر ملک کو تنازعہ میں گھسیٹنے کا الزام لگاتے ہوئے نئے مقرر کردہ ایرانی سفیر کو ناقابلِ قبول شخص قرار دیا۔ وہیں، جنوبی سرحد پر حزب اللہ، اسرائیلی فورسز پر شدید گولی باری جاری رکھے ہوئے ہے اور خطے میں اسرائیل کی کسی بھی طویل مدتی موجودگی کے خلاف مزاحمت کے تئیں پُر عزم ہیں۔خلیجی ممالک اپنے دفاعی اور سفارتی ردِّ عمل، دونوں میں سختی لارہے ہیں۔ بحرین نے اقوامِ متحدہ میں فوری مباحثہ کا مطالبہ کیا ہے، جبکہ کویت، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب سے متعدد ڈرونز اور میزائل حملوں کو ناکام بنانے کی خبر موصول ہوئی ہے۔

قطر نے فوری جنگ بندی کی اپنی اپیل دوہراتے ہوئے انتباہ دیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں رکاوٹوں سے عالمی تجارت اور توانائی کی فراہمی کو سنگین خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ اِس دوران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات، زیادہ سرگرم فوجی تال میل کی جانب بڑھنے کا اشارہ دے رہے ہیں، کیونکہ ریاض، کِنگ فہد فضائی اڈے پر امریکی افواج کی رسائی میں اضافہ کررہا ہے۔ اپنے علاقے کو سیدھے خطروں کے بعد، سعودی عرب نے انتباہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اُس کا صبر لامحدود نہیں ہے۔

دُبئی سے وِنود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں آسیہ میمونہ

اِس دوران، متحدہ عرب امارات نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے حملوں کی تازہ لہر کے دوران، پانچ بیلسٹک میزائلوں اور 17ڈرون حملوں کو ناکارہ کیا ہے۔ اِس طرح جنگ کی شروعات کے بعد سے اب تک متحدہ عرب امارات نے مجموعی طور پر 18سو ڈرون اور ساڑھے تین سو بیلسٹک میزائل حملوں کو ناکام کیا ہے۔x

## Jaishankar Iran Ambassador

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے آج دوپہر بھارت میں ایران کے سفیر ڈاکٹر محمد Fathali سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جئے شنکر نے کہا کہ اپنی ملاقات کے دوران، انھوں نے مغربی ایشیا جنگ پر تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے اس مشکل وقت میں ایران میں بھارتی شہریوں کو مدد فراہم کرنے کی ستائش کی۔x

**CEO Karmyogi**

کرم یوگی بھارت کی CEO چھَوی بھاردواج نے آج کہا کہ عملے اور تربیت کا محکمہ، صلاحیت سازی کمیشن اور کرم یوگی بھارت مشترکہ طور پر 2اپریل سے نئی دلّی میں ایک ہفتہ طویل 'سادھنا سپتاہ' کا انعقاد کریں گے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کرم یوگی بھارت کی CEO چھَوی بھاردواج نے بتایا کہ اِس مشق میں مرکزی حکومت اور ریاستی حکومت کے ملازمین اور زمینی سطح پر خدمات فراہم کرنے والے صفِ اول کے سبھی کارکن حصہ لیں گے۔

**SB - CEO Karmayogi**

**Miami Open**

میامی اوپن ٹینس میں، آج مردوں کے پری–کوارٹر فائنل میں اٹلی کے کھلاڑی **Jannik Sinner** اور امریکہ کے کھلاڑی **Alex Michelsen** آمنے سامنے ہوں گے۔

امریکہ کے **Frances Tiafoe** کا مقابلہ فرانس کے **Terence Atmane** سے ہوگا۔

خواتین کے سنگلز میں کل صبح امریکہ کی کھلاڑی **Coco Gauff** کوارٹر فائنل میں سوئٹزر لینڈ کی کھلاڑی **Belinda Bencic** کا سامنا کریں گی۔ اعلیٰ درجے کی کھلاڑی بیلاروس کی **Aryna Sabalenka** امریکہ کی کھلاڑی **Hailey Baptiste** کا مقابلہ کریں گی۔**x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆